نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ مکئی کی منظور شدہ اقسام اور وقت کاشت سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور،**19 جنوری 2025**:۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق صوبہ میں مکئی تقریباً 20لاکھ ایکڑ رقبہ پر کاشت کی جاتی ہے۔ مکئی کی سال میں دو فصلیں لی جاتیں ہیں پہلی بہاریہ مکئی اور دوسری موسمی مکئی کہلاتی ہے۔تھوڑے عرصے کی فصل ہونے کی بناء پر اسے فصلوں کی ترتیب اور ادل بدل میں بآسانی شامل کیا جاسکتا ہے۔بہاریہ مکئی کا وقت کاشت 21 جنوری تا28 فروری ہے۔کاشتکار محکمہ زراعت کی **منظور شدہ ہائبرڈ اقسام** وائی ایچ-1898،ایف ایچ-1046 ،ایف ایچ -988 ،وائی ایچ-5427 اور وائی ایچ-5482 ،وائی ایچ-5561 ،وائی ایچ-5568 اور وائی ایچ-5560 ،کی کاشت کریں جبکہ **مکئی کی عام منظور شدہ اقسام** میں گوہر-19 ،ساہیوال گولڈ،سمٹ پاک، پاپ-1 ،سویٹ-1 اور ملکہ -2016 شامل ہیں۔بارانی علاقوں میں جہاں آبپاشی کا خاطر خواہ انتظام نہیں ہوتا وہاں مکئی کی عام کاشت نسبتاً بہتر رہتی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ بہاریہ مکئی کی کاشت کیلئے شرح بیج 8 تا10 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں جس کی روئیدگی 90 فیصد سے زائد ہونی چاہیے۔بہاریہ مکئی کیلئے پودوں کی تعداد ہائبرڈ اقسام کیلئے 35ہزار فی ایکڑ جبکہ عام اقسام کیلئے 26 ہزار تا30 ہزار فی ایکڑ ہونی چاہیے۔

☆☆☆☆